سوال

سو دفعہ درود پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا درود پڑھنے کے لیے دن میں 100 بار پڑھنے کی تخصیص ہے ؟ اگر ہے تو حوالہ درکار ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سو دفعہ پڑھنے والی ضعیف ومردود روایات المعجم الصغیر للطبرانی (ج 2 ص 48 ح 915) الترغیب والترہیب (ج 2 ص 495) اور اتحاف المتقین (ج 5 ص 51) وغیرہ میں موجود ہیں ۔ الزبیدی نے "وہو حدیث حسن" قرار دیا ہے (!)

لہذا سو دفعہ کی قید کے بغیر ہر مسلمان کو چاہیے کہ کثرت سے آپ ﷺ پر درود پڑھے کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا «من صلی علی واحدة صلی اللہ علیہ عشرا» جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھے تو اللہ اس پر دس دفعہ رحمتیں نازل فرماتا ہے (صحیح مسلم ح 408)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص486

محدث فتویٰ